Government of Pakistan
Ministry of National Health Services, Regulations & Coordination

تاریخ: 25 جولائی 2020
دستاویز نمبر: 2 0-30
ورژن: 02

# عید الاضحٰی پر کوروناوائرس سے بچاو کے لئے ہدایات

## مقصد

اس دستاویز کا مقصد عوام، جانوروں کے خریدار/ فروخت کنندگان اور مقامی منتظمین کو سماجی فاصلے ، جانوروں کوذبح کرنے کے دوران احتیاطی اقدامات اور عید کی نماز کے حوالے سے ہدایات فراہم کرنا ہے تاکہ عیدالاضحٰی پر کوویڈ-19 کی ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقلی کی روک تھام کی جا سکے۔

## پسِ منظر

انسان سے انسان میں کورونا وائرس کی تیز منتقلی کے باعث اس وبا نے دنیا بھر کو متاثر کیا ہے۔ مختلف جانوروں، جیسے کتے اور بلیوں سے انسانوں میں اس جراثیم کی منتقلی کے ابھی تک ٹھوس عالمی شواہد نہیں ملتے جبکہ مویشیوں میں وائرس کی موجودگی یا عام طور پر جانوروں سے انسانوں میں وائرس کی منتقلی میں ملوث ہونے کا بھی کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔ تاہم یہ ضروری ہے کہ عیدالاضحٰی کے موقع پر لگنے والی مویشی منڈیاں سماجی دوری اور کووڈ-19 انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل کریں تاکہ خریداروں اور فروخت کنندگان میں وائرس کی منتقلی کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے اور اور اس وبا کے دوران عید الاضحٰی کو بہتر اور محفوظ طریقے سے منایا جا سکے۔

عید گاہ سے مراد مسجدوں کے باہر موجود کھلی جگہیں یا عموماً شہر سے باہر (یا مضافات میں) موجود کھلے میدان ہیں جہاں عید کی نماز اسلامی ثقافت کے طور پر ادا کی جاتی ہے۔ اس حالیہ وبا کے دوران نمازیوں کے ہجوم کے ساتھ یہ جگہیں کوویڈ-19 کے پھیلاؤ کو تیز کرسکتی ہیں۔ لہذا ، یہ رہنما خطوط عید الاضحی کے موقع پر مسلمانوں کے لئے مستقل اور بلا تعطل عید کی نماز کو یقینی بنانے کے اقدامات فراہم کرنے کے لئے تیار کیے گئے ہیں۔

عوام عید کی چھٹیوں کے دوران صرف اور صرف ضروری سفر کو ترجیح دیں کیونکہ اس دوران کووڈ-19 کے بڑھنے کا امکان زیادہ ہے۔ اس عید کے موقع پر تقریبات پر جانے اور رشتہ داروں اور دوست احباب سے ملنے سے گریز کریں۔ عید کی خریداری کو صرف ضروری سامان تک ہی محدود رکھیں اور بازاروں میں ہجوم لگانے سے گریز کریں۔ "عید منانے" کی روایت سے وبا کے پھیلاؤ میں اضافہ ہونے کا امکان ہے لہذا اس سے پرہیز کریں۔

## مویشی منڈیوں / مارکیٹوں میں سماجی دوری کے اصولوں کا نفاذ

### مقامی انتظامیہ

- جہاں تک ممکن ہو مقامی انتظامیہ شہروں / قصبوں میں جانوروں کی آن لائن خریداری اور فروخت اور ذبح کرنے کے انتظامات کے رجحان کی توصلہ افزائی کرے
- مقامی انتظامیہ مویشی منڈیاں لگانے کے لئے عام آبادی سے باہر موجود کھلی جگہوں کا انتخاب کرے۔
- مقامی انتظامیہ مویشی منڈیوں کو اپنی نگرانی میں رکھتے ہوئے فروخت کنندگان کو جگہ فراہم کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ جانوروں کے فروخت کنندگان سماجی فاصلے کے اصولوں کی سختی سے پیروی کریں۔

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ منڈی میں آنے والا ہر خریدار یا فروخت کنندہ حکومت کے احکامات کے مطابق ماسک کا استعمال کرے۔ ماسک نہ پہننے کی صورت میں انہیں مارکیٹ / منڈی میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- مقامی انتظامیہ داخلی راستے پر تھرمل گنوں کی دستیابی کو یقینی بنائے اور درجہ حرارت کی جانچ پڑتال کے بعد ہی خریداروں کوداخل ہونے کی اجازت دی جائے۔
- مقامی انتظامیہ منڈی کے داخلی اور خارجی راستے پر الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر (کم از کم% 70 الکحل) کے ساتھ ایک فرد کو نامزد کرے جو اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر خریدار منڈی میں داخل ہونے سے پہلے اور باہر نکلتے وقت اپنے ہاتھ اچھے سے صاف کرے۔
- کھانسی اور زکام سے متاثرہ افراد کو منڈی میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ۔
- اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ جگہ پر ہجوم اکٹھا نہ ہو ، لوگوں کو صرف وقفے وقفے سے چھوٹے گروپوں کی صورت میں مارکیٹ میں داخل ہونے دیں۔
- مقامی اانتظامیہ کاروباری اوقات کے دوران فروخت کنندگان اور خریداروں کی جانب سے سرکاری ہدایات پر عمل پیرا ہونے کی نگرانی کرے۔
- عوام کے لئے ہاتھوں کی صفائی اور سماجی دوری کو فروغ دینے والے نوٹسز کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔
- خریداروں / فروخت کنندگان کی ضرورت کے پیشِ نظر جانوروں کی منڈی کے قریبی علاقے میں طبی امداد کے لئے کلینک / فرسٹ ایڈ پوسٹ کا قیام یقینی بنائیں۔

## مویشی فروخت کرنے والے

- ہر فروخت کنندہ حکومت کے حکم کے مطابق ماسک کا استعمال کرے۔
- اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے بار بار دھوئے یا (70%) الکحل پر مبنی محلول (ہینڈ سینیٹائزر) کا استعمال کرے۔
- اپنے جانوروں کے لئے مناسب جگہ کو یقینی بناتے ہوئے اپنا اسٹال دوسرے بیچنے والوں سے کم از کم دو میٹر کے فاصلے پر لگائیں ۔ معاون انتظامات مقامی اتھارٹی کے ذریعہ کرنا ہوں گے۔
- فروخت کنندہ اور صارفین ایک دوسرے کے درمیان 2 میٹر کا محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں۔
- فروخت کنندہ اور خریدار افراد ہاتھ آپس میں ہاتھ ملانے یا قریب آنے گریز کریں۔
- فروخت کنندہ متواتر چھوئے جانے والی سطحوں کے لئے 0.5 فیصدپتلا بلیچ یا 60٪ -80٪ پتلا الکحل پر مبنی جراثیم کش محلول اپنے پاس رکھیں ۔
- ہر فروخت کنندہ جانوروں کو چھونے کے لئے دستانوں کا استعمال کرے اور اسے یقینی بنائے ۔
- ایسے فروخت کنندہ کو بازار میں جانور بیچنے کی اجازت نہیں ہے جو بیمار ہو یا جس میں کھانسی ، بخار وغیرہ جیسی علامات موجود ہوں ۔ بہتر ہے کے وہ متبادل کے طور پر کسی شخص کا انتظام کرے بصورت دیگر اسے ذاتی طور پر حاضر ہونے کی اجازت نہیں ہے۔
- ہر فروخت کنندہ مارکیٹ / منڈی میں اپنی مختص کردہ جگہ میں قطار بنانے اور لوگوں کے درمیان 6 فٹ کا فاصلہ یقینی بنائے۔
- فروخت کنندہ حکومت کی طرف سے جاری کردہ تازہ ترین ہدایات کا علم رکھے اور ان پر سختی سے عمل کرے ۔

## صارفین / خریدار

- خریدار سرکاری احکامات کے مطابق سرجیکل / میڈیکل ماسک پہنے۔
- بخار ، کھانسی یا زکام ہونے کی صورت میں مارکیٹ / منڈی میں جانے سے گریز کریں۔
- بازار / منڈی جانے سے پہلے اور اس کے بعد ، اپنے ہاتھوں کی صفائی کو یقینی بنائیں۔
- دستاوں کے بغیر جانوروں کو چھونے سے گریز کریں۔
- مارکیٹ / منڈی میں غیر ضروری سطحوں کو چھونے سے گریز کریں۔
- مارکیٹ / منڈی میں فروخت کنندہ یا دوسرے صارف سے 6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں۔
- مقامی انتظامیہ کی فراہم کردہ حفاظتی اصولوں کی پیروی کریں اور عملے کے ساتھ تعاون کریں۔
- اگر آپ کسی فروخت کنندہ کو رہنما خطوط پر عمل کرتے نہیں دیکھتے تو ذمہ دار شہری کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کریں اور مقامی حکام کو آگاہ کریں۔

# عیدالاضحٰی کے موقع پر جانوروں کو ذبح کرنے کے دوران انفیکشن کی روک تھام اور سماجی دوری

### عمومی روک تھام کے اقدامات

جانور ذبح کے دوران جو احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں وہ یہ ہیں:

- ذبح کرنے کی جگہ عام لوگوں اور رہائشی علاقوں سے دور ہونی چاہئے۔
- ذبح کرنے والی جگہ پر بھیڑ سے بچیں ، صرف ضروری افراد کو ہی جائے وقوعہ پر موجود ہونے کی اجازت دی جائے۔
- ایک دوسرے سے فاصلے پر رہنے کی مشق کریں۔ کم از کم6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں۔
- سانس کی اچھی حفظان صحت پر زور دیں۔ کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی کے اندرونی حصے سے ڈھانپیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کھانستے یا چھینکتے وقت منہ اور ناک ڈسپوز ایبل ٹشو سے ڈھانپیں اورا ستعمال کے بعد اسے ڈھکن والی ٹوکری میں پھینکیں ۔ پھینکنے کے بعد ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں ۔
- آنکھوں ، ناک یا منہ کو چھونے سے گریز کریں ، خاص کر جب ہاتھ صاف نہ ہوں۔
- دستانے اور ماسک استعمال کریں۔ پی پی ای کا استعمال شخص کو ممکنہ خطرے سے بچانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔
- 40-60 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے بار بار اپنے ہاتھ دھوئیں۔ اگر صابن اور پانی میسر نہیں ہے تو ، %80-%60 الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر سے اپنے ہاتھوں کو 20-30 سیکنڈ تک رگڑیں۔

### عمومی صفائی اور جراثیم کشی کے اصول

جانوروں کو ذبح کرنے سے پہلے اور بعد میں ماحولیاتی صفائی ستھرائی اور جراثیم کشی کے طریقہ کار پر مستقل اور صحیح طریقے سے عمل کیا جائے۔

- سطحوں سے جراثیم کو ختم کرنے کے لئے ڈٹرجنٹ اور پانی سے دھونے کے بعد پانی لگانا اور سطحوں کو خشک کرنا سب سے مفید طریقہ ہے۔ کوویڈ-19 جیسے وائرس صابن اور سرف وغیرہ سے ختم ہو جاتے ہیں۔ صابن اور سرف جراثیم کی سختی کو ختم کر دیتے ہیں جس کے بعد انہیں پانی سے بہا کر ختم کیا جا سکتا ہے۔
- سطحوں پر جراثیموں کو مارنے کے لئے جراثیم کُش محلول یا کیمیکل استعمال کرنے سے ، انفیکشن پھیلنے کے خطرے کو مزید کم کیا جاسکتا ہے۔ جراثیم کش استعمال کرنے کے بعد کچھ دیر اسے سطح پر لگا رہنے دیں تاکہ جراثیم کے خاتمے کو یقینی بنایا جاسکے اور اسکے بعد جراثیم کش کو صاف پانی سے صاف کرلیں۔
- جہاں ممکن ہو ، ڈسپوزایبل کپڑے / تولیے اور ڈسپوز ایبل صفائی کرنے والا کپڑا استعمال کریں۔ متبادل کے طور پر عام کپڑوں اور صفائی والے کپڑے کو استعمال کے بعد صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں اور خشک کریں تاکہ جراثیم کے پھیلنے کے خطرات کو کم کیا جا سکے۔

## عیدگاہ / کھلے میدان میں نماز عید کے لئے عمومی احتیاطی تدابیر

- رکاوٹوں کو روکنے کے لئے داخلی اور اخراج کے الگ راستے بنائے جائیں۔
- عید گاہ کے داخلی راستے پر تمام نمازیوں کے لئے تھرمل اسکریننگ کی سہولت موجود ہو۔
- داخلی / خارجی راستوں پر ہینڈ سینیٹائزر موجود ہو اور تمام لوگ داخل ہونے سے پہلے اور باہر جانے کے بعد اس کا استعمال لازمی کریں۔
- ہر شخص کے لئے میڈیکل / سرجیکل ماسک کا استعمال لازمی ہے۔
- آپس میں چھ فٹ کے سماجی فاصلے پر عمل کرنے میں آسانی کے لئے ماپنے والے آلے کی مدد سے نماز کی صفوں پر نشان لگائیں۔

- نماز پڑھنے کے لئے نمازی اپنے مصلے ساتھ لے کر آئیں ۔
- لوگوں کو گھر میں وضو کرنے کی ترغیب دیں۔
- لوگ ایک دوسرے کا ساتھ ٦ فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھیں اور ٢ میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنے کے لئے ہر دوسری صف خالی چھوڑ دیں۔
- بیمار اور بوڑھے اور 15 سال سے کم عمر بچوں کو نماز میں شرکت کرنے سے منع کریں۔
- نماز کے بعد عیدگاہ کے اندر قریبی میل جول اور گلے ملنے سے منع کریں۔
- مرد اور خواتین دونوں کے لئے کووڈ 19 سیفٹی آفیسر مختص کریں۔

## مسجد میں عید کی نماز ادا کرنے کی صورت میں (ہدایات)

- مساجد کے داخلی دروازے پر تمام نمازیوں کے لئے تھرمل اسکریننگ کی سہولت موجود ہو۔
- مساجد کے دروازے پر ہینڈ سینیٹائزر کی فراہمی یقینی بنائیں۔
- مساجد کو نماز ختم ہونے کے 10 منٹ بعد ہی بند ہونا چاہیئے۔
- امام کو کرونا وائرس اور اس سے بچاؤ کے اقدامات ،جو حکومت پاکستان نے وبا کو کم کرنے کے لئے اٹھائے ہیں، ان پر خطبات پیش کرنا چاہئیں تاکہ افراد معاشرے کے ممبروں کی صحت اور حفاظت کے فروغ میں فعال کردار ادا کر سکیں۔
- نماز کے دوران مساجد کے دروازے اور کھڑکیاں کھلے رکھیں تاکہ تازہ ہوا کا گزر ہو سکے۔
- مساجد میں کوئی قالین یا چٹائی نہیں رکھی جاسکتی کیونکہ یہ وائرس ہوا کے ذریعے بھی پھیل سکتا ہے۔
- نماز کے لئے فرش کی صفائی کو یقینی بنانے کے لئے اسے کلورین ملے پانی سے باقاعدگی سے دھوئیں۔
- ہر شخص کو ماسک پہننا چاہیئے۔
- نمازی اپنی نماز کی چٹائی / مصلہ ساتھ لائیں اور انہیں نماز کے بعد اپنے ساتھ واپس لے جائیں۔
- لوگوں کو گھر میں وضو کرنے کی ترغیب دیں۔
- لوگوں کو مصافحہ سے گریز کرنا چاہیئے۔
- نمازی ایک دوسرے کے درمیان دو میٹر کا فاصلہ رکھتے ہوئے سماجی فاصلے کو برقرار رکھیں، اور ہر دوسری صف کو خالی چھوڑ دیں ۔
- واٹر کولر استعمال نہ کریں۔
- بیت الخلاء اور وضو سیکشنز کو بند رکھیں۔
- مساجد میں داخل ہونے یا باہر نکلتے وقت ہجوم اکٹھا کرنے سے پرہیز کریں۔
- بیمار اور بوڑھے اور 15 سال سے کم عمر بچوں کو نماز میں شرکت سے منع کریں۔
- نماز کے بعد مساجد میں قریبی میل جول سے منع کریں۔

نوٹ: وفاقی وزارتِ صحت مندرجہ بالا تجاویز کا باقاعدگی سے جائزہ لے رہی ہے اور بین الاقوامی تجاویز اور بہترین طریقوں کو دیکھتے ہوئے ان کو اپ ڈیٹ کرتی رہے گی۔

وزارت ان ہدایات کو مرتب کرنے کے لئے محترمہ جویریہ یوسف ، سیدہ شیر بانو اختر اور ڈاکٹر سائرہ کنول اور HSA / HPSIU / NIH ٹیم کے تعاون کی شکر گزار ہے۔

## References

1. Scottish Government, Coronavirus (COVID-19): advice for animal owners, https://www.gov.scot/publications/coronavirus-covid-19-advice-for-animal-owners/
2. CDC, Centers for Disease Control and Prevention, Interim Guidance for Public Health Professionals Managing People With COVID-19 in Home Care and Isolation Who Have Pets or Other Animals
3. Cleaning and disinfection for households: interim recommendations for US households with suspected or confirmed coronavirus disease 2019 (COVID-19). Atlanta, Georgia: United States Centers for Disease Control and Prevention; 2020 (https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/prevent-getting-sick/cleaning-disinfection.html).
4. Environmental cleaning and disinfection in non-health-care settings in the context of COVID-19, Interim Guidance by WHO, 30 March 2020

**For more information, please contact:**

HSA/ HPSIU/ NIH, PM National Health Complex, Islamabad

**http://covid.gov.pk/**

http://nhsrc.gov.pk/ https://www.facebook.com/NHSRCOfficial
http://www.hsa.edu.pk/ https://twitter.com/nhsrcofficial
https://www.nih.org.pk/ https://www.youtube.com/channel/UCdYuzeSP4Ug1f__ZZ